رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار جو علمی تحائف ہمیں موصول ہوئے ہیں ان میں جناب علامہ حافظ محمد خرم شہزاد فاروقی کے ارسال کردہ درج ذیل رسائل سرفہرست ہیں......

نماز کے مسائل، درویش، حقیقت توبہ، وسیلہ کی شرعی حیثیت اور مزارات پر حاضری، فضیلت کے شب وروز اوران کی عبادات، معذرت کے ساتھ اور متکبر انسان..........

نماز کے مسائل پر یوں تو بہت سی کتب دستیاب ہیں مگر یہ کتاب حسب ذیل مسائل اپنے دلائل کے ساتھ پیش کررہی ہے.....طہارت، اذان، جمعہ وعیدین، نماز جنازہ، نماز تراویح، وغیرہ کے مسائل.....مؤلف نے ان مسائل کو آسان زبان میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے.....۱۱۹ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مجلد ہے اور ادارہ قمرالاسلام برمنگھم کی جانب سے شائع ہوئی ہے.....پاکستان میں زاویہ فاؤنڈیشن اس کتاب کے تقسیم کنندگان ہیں جن کا پتہ حسب ذیل ہے: زاویہ فاؤنڈیشن ۸۔سی دربار مارکیٹ لاہور.....ہدیہ ۱۰۰ روپے درج ہے.....مؤلف سے رابطہ کے لئے فون نمبر 0300-4891990 کا وسیلہ کتاب تک رسائی میں معاون ثابت ہوسکتا ہے....

دوسرا رسالہ درویش ہے، درویش کا دیباچہ بھی ایک درویش صفت ڈاکٹر اور مفتی (ضیاء الحبیب) صاحب نے لکھا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: زیرنظر تحریر میں جن پاکباز ہستیوں کا ذکر ہے بلاشبہ وہ شخصیت درویش (دال کے زبر سے نہیں) بلکہ دُرویش ہیں (یعنی دال کے پیش سے دُرویش ہیں) دُرویش کا کمال یہ ہے کہ پہلی نظر ہی میں یہ اپنے قاری کو اپنی گرفت میں یوں لیتا ہے کہ قاری اپنے آپ کو کسی انتہائی پرفضا صحن چمن میں محسوس کرتا ہے جس میں اس کے قلب و روح کی دنیا مسرور و مسحور ہو جاتی ہے..... یہ سادہ سی تحریر پر پیچ گنجلک اور فلسفیانہ بحث سے سراسر پاک ہے۔

☆ الیقین لا یزول بالشک ☆ (فقہی ضابطہ)

پوری سچائی اور شاید لکھنے والے کی اپنی ہی سیاحتی و وارداتی روئیداد ہے............۸۰ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ مجلد نہیں مصور ہے بزم فیضان باہو نے میاں میر کالونی لاہور سے اسے شائع کیا ہے اور ملنے کا پتہ زاویہ فاؤنڈیشن لاہور کا درج ہے۔ ہمارا حسن ظن ہے کہ دفتر بزم فیضان باہو مدرسہ غوث الاعظم حق باہو چوک میاں میر کالونی لاہور کے پتہ پر خط لکھنے والے کو درویش کا یہ تحفہ بغیر حساب مل سکتا ہے.......... اور دیگر رسائل مثلاً حقیقت توبہ، وسیلہ کی شرعی حیثیت اور مزارات پر حاضری، فضیلت کے شب و روز اور ان کی عبادات، معذرت کے ساتھ، متکبر انسان بھی زاویہ فاؤنڈیشن یا اسی پتہ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

اسکولوں اور دینی مدارس کے طلباء وطالبات کے لئے!

مختصر نصابِ فقہ سوالاً جواباً

پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

WOULD YOU LIKE TO KNOW SOMETHING ABOUT ISLAM ?

By : Mohammad M. Ahmed

Really a book that tells you everything about Islam being criticized in the western society.

The book that clears up the misconceptions and misunderstandings about Islam.

The book bridges the gap between Muslims & Non Muslims.

Published by: Crescent Book Inc. P.O.Box 786Wingdale NY 12594-1435 www.crescesnt-books.com

E.mail: info@crescent-books.com

☆عام کی تخصیص نیت کے ساتھ دیانۃً مقبول ہوتی ہے نہ کہ قضاءً☆